فوری ریلیز کے لیے: 2025/17/3 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر ہوکل نے مصنوعی ذہانت ایکشن پلان کی تیاری کے متعلق معلومات کی درخواست کے جواب میں ریاست نیو یارک کے تبصروں کا اعلان کیا

ٹرمپ انتظامیہ پر زور دیا کہ وہ عالمی مسابقت اور کمرشلائزیشن، دانشورانہ املاک اور تحقیق کے تحفظ، اور توانائی میں جدت طرازی اور استعداد کو اپنی ترجیح بنائیں

ایسی پالیسیوں سے اجتناب کرنے کا مشورہ دیا جو امریکی جدت طرازی کی بنیاد کو کمزور کر دیں گی، جن میں سائنسی تحقیق اور یونیورسٹیوں کے لیے وفاقی فنڈنگ میں کٹوتیاں اور CHIPS ایکٹ کو کمزور کرنا شامل ہیں

ریاست نیو یارک کے تبصرے یہاں دستیاب ہیں

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج ٹرمپ انتظامیہ کی جانب سے مصنوعی ذہانت ایکشن پلان کی تیاری کے بارے میں معلومات کی درخواست کے جواب میں ریاست نیو یارک کے تبصروں کا اعلان کیا۔ AI اور متعلقہ ٹیکنالوجیز میں ایک عالمی رہنما کے طور پر ریاست نیو یارک نے ایسی پیش رفتیں کی ہیں جن سے امریکہ کی قومی اور اقتصادی سلامتی مزید مضبوط ہوئی ہے، AI کے محفوظ نفاذ اور استعمال کو فروغ ملا ہے، اعلیٰ معیار کی ملازمتیں پیدا ہوئی ہیں، اور اعلیٰ ترین کارکردگی والے کمپیوٹنگ سسٹمز تک رسائی کو وسعت ملی ہے۔ نیو یارک عالمی شہرت یافتہ تحقیقی اداروں، سرکردہ AI کمپنیوں، اور ایک ایسے فروغ پزیر اختراعی ایکو سسٹم کا گھر ہے جس نے مصنوعی ذہانت یعنی AI، سیمی کنڈکٹرز اور کوانٹم نیٹ ورکنگ اور کمپیوٹنگ میں انقلابی تبدیلیاں لانے والی ایسی جدید ترین پیشرفتیں کی ہیں جنکی بدولت ہماری معاشی پیداواری صلاحیت میں قابل قدر اضافہ ہوا ہے۔ اب جبکہ وفاقی حکومت مصنوعی ذہانت ایکشن پلان (AI Action Plan) تیار کر رہی ہے، تو نیو یارک، ٹرمپ انتظامیہ پر زور دیتا ہے کہ وہ عالمی مسابقت اور کمرشلائزیشن، دانشورانہ املاک اور تحقیق کے تحفظ، اور توانائی میں جدت طرازی اور استعداد کو اپنی ترجیح بنائیں۔

"امریکہ AI کے عالمی انقلاب میں چین اور باقی دنیا کے ساتھ مقابلے کی دوڑ میں ہے، اور ہمارے، اس ملک کے اولین ایمپائر AI کنسورشیم (Empire AI Consortium) کے ساتھ، نیو یارک قائدانہ کردار ادا کر رہا ہے۔ اپنی عالمی معیار کی اختراعی معیشت، توانائی کے گرڈ پر سرمایہ کاریوں، اور فنکاروں اور تخلیق کاروں کی دانشورانہ املاک کے حقوق کے تحفظ کے ساتھ ہم یہ امر یقینی بنانے کے لیے تیار ہیں کہ AI ایک مسلسل قوت بنے، اور ایسا صرف بڑی عالمی کمپنیوں کے لیے نہ ہو،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "نیو یارک نے ایک محفوظ، پائیدار، اور عالمی سطح پر مسابقتی AI مستقبل کی تعمیر کے ساتھ ساتھ نیو یارک میں رہنے والوں کو، اس ترقی کرتی ہوئی معیشت میں کاروبار شروع کرنے اور اچھی ملازمتوں تک رسائی میں، مدد فراہم کرنے کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے۔ ہم ان اہداف میں پیشرفت کے لیے ٹرمپ انتظامیہ کے ساتھ تعاون کرنے کے مواقع کا خیر مقدم کرتے ہیں۔"

AI کے شعبے میں نیو یارک کی قیادت کو مزید بڑھانے کا گورنر Hochul (ہوکل) کا عزم مصمم ایمپائر اسٹیٹ میں جدت کا شاہکار ٹیکنالوجی کو وسعت دینے کے انکے وسیع تر ایجنڈے کو مزید مہمیز دے رہا ہے۔ گزشتہ برس، گورنر Hochul (ہوکل) نے IBM کے CEO Arvind Krishna (اروند کرشنا) اور Girls Who Code کی CEO Dr. Tarika Barrett (تاریکا بیریٹ) کو نئے قائم کردہ ایمرجنگ ٹیکنالوجی ایڈوائزری بورڈ (بورڈ) (Emerging Technology Advisory Board) کے مشترکہ سربراہان کے طور پر تعینات کیا تھا — یہ صنعتی سربراہوں کا

ایک خود مختار گروپ ہے جسے نیو یارک کو ترقی اور اختراع کا مرکز بنانے والی انقلابی تبدیلیوں پر مشاورت دے کر ان مین تیزی لانے کی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔ اس بورڈ نے اپنی ابتدائی سفارشات دسمبر 2024 میں جاری کیں۔

ریاست نیو یارک کی آپریشنز اینڈ انفراسٹرکچر (State Operations and Infrastructure) کی ڈائریکٹر Kathryn Garcia (کیتھرین گارسیا) نے کہا، "ہم AI ٹیکنالوجیز کا استعمال پوری ریاست نیو یارک میں عوام الناس اور اداروں کو فائدہ پہنچانے کے لیے کرنا چاہتے ہیں۔ AI اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجی میں ایک رہنما کے طور پر، نیو یارک یہ امر یقینی بنانے کے لیے ضروری سرمایہ کاریاں کرتا رہا ہے کہ امریکہ کو اپنے عالمی حریفوں پر تقابلی برتری حاصل ہو۔"

ریاست نیو یارک کے چیف سائنس آفیسر Colin Ahern (کولن اہرن) نے کہا، "نیو یارک صنعتی قابلیت، تعلیمی مہارت اور اختراعی تصورات جیسے امور میں بہت طاقتور ہے۔ ہم یہ امر یقینی بنانا چاہتے ہیں کہ یہ وسائل ہماری ریاست اور قوم کو مضبوط کریں اور ہمارے مخالفین انہیں نہ لے اڑیں۔ تحقیق کا مضبوط تحفظ اور دانشورانہ املاک کی حفاظت یہ امر یقینی بنانے میں ہماری مدد کریں گے کہ AI کے فوائد نیو یارک میں رہنے والوں اور تمام امریکیوں کے کام آئیں۔"

امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ (Empire State Development) کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight (ہوپ نائٹ) نے کہا، "نیو یارک AI تیار کرنے اور اسے کمرشلائز کرنے کے لیے اپنے اس فروغ پزیر اختراعی ایکو سسٹم سے استفادہ کرنا جاری رکھے گا جو معیاری ملازمتیں پیدا کر رہا ہے، مزید سرمایہ کاریاں لا رہا ہے اور ہماری اقتصادی سلامتی کو مزید مضبوط کر رہا ہے۔"

ماضی میں گورنر نے Green CHIPS نامی تاریخی قانون پر بھی دستخط کیے تھے تاکہ ریاست نیو یارک میں سیمی کنڈکٹر پر مبنی تحقیق، ترقی اور مصنوعہ سازی کے عمل کو فروغ دیا جا سکے اور انہوں نے NY CREATES کے Albany NanoTech Complex میں اگلی نسل کے چپس پر مبنی تحقیقی مرکز کے قیام کے لیے 10$ بلین کی شراکت داری کا بھی اعلان کیا تھا۔ گورنر نے بائیو میڈیکل تحقیق میں اختراعی عمل کی حمایت میں علم الحیات کے اقداماتی سلسلے (Life Science Initiative) میں 620$ ملین پر مبنی رقم کی فراہمی کو جاری رکھا ہے۔ مزید برآں، گورنر Hochul (ہوکل) نے 113.7$ ملین کے Battery-NY اقدام جیسی حکمت عملی پر مبنی سرمایہ کاریوں کے ذریعے ریاست نیو یارک میں پائیداری، ماحول دوست ٹیکنالوجی اور توانائی ذخیرہ کرنے والی معیشتوں کی ترقی کو بھی مہمیز دی ہے۔

گورنر کے اختراعی ایجنڈا نے کئی اہم سرکاری اور نجی سرمایہ کاریوں کو متحرک کیا ہے، جس سے نیو یارک کی معیشت میں انقلاب رونما ہو رہا ہے اور مستقبل کے لیے زیادہ تنخواہوں کی حامل ملازمتیں تخلیق کی جا رہی ہیں۔ GlobalFoundries نے حالیہ طور پر 11.6$ بلین کی سرمایہ کاری کا اعلان کیا ہے تاکہ نیو یارک کے دارالحکومتی علاقے میں اس کے چپ کے مصنوعہ ساز کیمپس کی توسیع عمل میں لائی جا سکے، جس کے نتیجے میں 1,500 براہ راست ملازمتیں اور ہزاروں ذیلی ملازمتیں تخلیق ہوں گی۔ 2022 میں، مائیکرون نے 100$ بلین پر مبنی 20 سالہ سرمایہ کاری کا اعلان کیا تھا تاکہ مرکزی نیو یارک میں ایک وسیع و عریض کیمپس قائم کیا جا سکے، جس سے 50,000 نئی براہ راست ملازمتیں اور ذیلی ملازمتیں تخلیق ہوں اور کمیونٹی کی مراعات میں سینکڑوں ملین ڈالرز کے مواقع کھلیں۔

###